34593-کیا ہم مسجد میں نماز ادا کرنے والے شخص کے متعلق ایمان کی گواہی دے سکتے ہیں ؟

سوال

کیا صرف مسجد میں نماز ادا کرنے والے شخص کے متعلق ایمان کی گواہی دی جا سکتی ہے ، جیسا کہ حدیث میں آیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

" جی ہاں بلاشک جو شخص مساجد میں نماز کے لیے حاضر ہوتا ہے اس کا حاضر ہونا ایمان کی دلیل ہے ، کیونکہ اسے گھر سے نکل کر مسجد جانے کی تکلیف کرنے پر صرف اللہ تعالی پر ایمان نے ہی ابھارا ہے .

اور سائل کا یہ کہنا کہ " جیسا کہ حدیث میں آیا ہے " یہ اس حدیث کی طرف اشارہ ہے .جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

" جب تم کسی شخص کو مساجد میں آتا دیکھو تو اس کے ایمان کی گواہی دو "

لیکن یہ حدیث ضعیف ہے ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پایہ ثبوب کو نہیں پہنچتی " اھ.